آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات و نشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ ایم نمبر 243

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر
ایڈیٹر: نجم النساء بخاری
منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی ٹیلیفون نمبر: 062-2508053 موبائل: 0301-7740405

جلد نمبر 16 — بدھ 4 جنوری 2023ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے — شمارہ نمبر 266

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

ملک بھر میں مارکیٹیں رات ساڑھے 8 اور شادی ہالز رات 10 بجے بند کرنے کا فیصلہ

سرکاری اداروں کے بجلی کے استعمال میں 30فیصد کمی لائی جائے گی، اس منصوبے سے سالانہ 62ارب روپے کی بچت ہوگی

پوری دنیا میں مارکیٹس جلدی بند ہوتی ہیں، پاکستان میں مارکیٹس آدھی رات تک کھلی رہتی ہیں وزیر دفاع خواجہ آصف

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے ملک بھر میں مارکیٹیں رات ساڑھے 8اور شادی ہالز رات 10 بجے بند کرنے کا اعلان کر دیا۔وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ سرکاری اداروں کے بجلی کے استعمال میں 30 فیصد کمی لائی جائے گی، اس منصوبے سے سالانہ 62 ارب روپے کی بچت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پوری
بقیہ نمبر1 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

خانیوال میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی کے دو افسران جاں بحق

دونوں افسران ایک ہوٹل پر کھانا کھا رہے تھے جب دہشتگردوں نے انہیں نشانہ بنایا، پولیس ذرائع

خانیوال (مانیٹرنگ ڈیسک) خانیوال میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے سی ٹی ڈی کے دو
بقیہ نمبر2 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

کوئی وائٹ پیپر آپ کے کالے کرتوت سفید نہیں کرسکتا، مریم اورنگزیب

کالے ذہن، کالے کرتوت اور کالا جادو کرنے والے مسٹر اینڈ مسز نے ملک کو معاشی دیوالیہ ہونے کی نہج پر پہنچایا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو تباہ کرنے والوں نے آج وائٹ پیپر جاری کیا ہے، کوئی وائٹ پیپر آپ کے کالے کرتوت سفید نہیں کر سکتا۔وفاقی وزیر
بقیہ نمبر6 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

مارکیٹیں رات ساڑھے 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ پنجاب حکومت نے مسترد کر دیا

امپورٹڈ حکومت کے فیصلے مسترد کرتے ہیں، ہم یہ معاملہ کابینہ میں لیکر جائیں گے، سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے 'توانائی بچاؤ مہم' کے تحت وفاقی حکومت کی جانب سے مارکیٹیں رات ساڑھے 8 بجے اور شادی ہالز رات 10 بجے بند کرنے کے فیصلے کو مسترد کر دیا۔دنیا نیوز کے پروگرام نقطہ نظر میں گفتگو
بقیہ نمبر3 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

پرویز الٰہی اعتماد کا ووٹ لیں گے، ہارس ٹریڈنگ کی ہر کوشش ناکام بنائیں گے: عمران خان

چیئرمین پی ٹی آئی کی زیرصدارت پنجاب کی سینئر لیڈر شپ کا اجلاس اعتماد کے ووٹ کیلئے تمام امور کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی زیرصدارت پنجاب کی سینئر لیڈر شپ کا اجلاس ہوا جس میں اعتماد کے ووٹ کیلئے تمام امور کو جلد حتمی شکل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ذرائع کے مطابق اجلاس کے دوران ارکان
بقیہ نمبر5 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے پاکستان میں چین کے سفیر نونگ رونگ کی ملاقات

اسلام آباد(یواین پی) پاکستان میں چین
بقیہ نمبر4 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

گندم خریداری میں حکومت پنجاب کے قرضوں میں 100 ارب روپے کی ریکارڈ کمی کر دی، پرویز الٰہی

قرضوں میں 100ارب کی کمی سے آئندہ گندم خریداری عمل میں بہتری آئیگی، کسان فوری ادائیگی گو پنجاب ایپ سے کر سکے گا سستا بازار ن لیگ کی لوٹ مار کا بہانہ تھا، عوام کو ٹارگٹڈ سبسڈی کے ذریعے حقیقی ریلیف نہیں دیا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی زیرصدارت آج وزیراعلیٰ آفس میں گندم کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا-وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موثر اقدامات سے گندم خریداری کی مد میں حکومت پنجاب کے قرضوں میں 100 ارب روپے کی ریکارڈ کمی کر دی گئی ہے-احساس پروگرام کے تحت عام آدمی کو سبسڈی دیں گے تاکہ شہروں اور دیہات تک بھی یہ فائدہ پہنچ سکے-حکومتی قرضوں میں 100ارب روپے کی کمی سے آئندہ گندم خریداری کے عمل میں بہتری آئے گی-کسان بغیر کسی مشکل کے فوری ادائیگی کا کام پنجاب حکومت کی ''گو پنجاب ایپ'' سے بھی کر سکے گا- پنجاب کے کسان کو اگلی فصل
بقیہ نمبر7 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی صوبے میں گندم و آٹے کی قیمتوں، سٹاک کا جائزہ لینے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پبلک ریلیشنز سوسائٹی آف پاکستان (پی آر ایس پی) کی جنرل کونسل کا سالانہ اجلاس 5 جنوری کو ہوگا

بہاول پور(پ ر) پبلک ریلیشنز سوسائٹی آف پاکستان (پی آر ایس پی) کی جنرل کونسل کا
بقیہ نمبر8 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

شہر بھر میں ہونیوالے ترقیاتی کام موجودہ حکومت کا عظیم کارنامہ ہے، صاحبزادہ گزین عباسی

حکومت سے ملنے والے تمام فنڈز احمد پور شرقیہ میں خرچ کر رہا ہوں ایم پی اے کی محلّہ سرور شاہ میں ٹف ٹائل سڑکوں کا معائنہ کرنے کے دوران امتیاز حسین جیولرز سے بات چیت

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) میرا مقصد علاقے کی تعمیر و ترقی کرانا ہے شہر بھر میں ہونے والے ترقیاتی کام موجودہ حکومت کا عظیم کارنامہ ہے پنجاب حکومت سے ملنے والے تمام فنڈز احمد پور شرقیہ میں خرچ کر رہا ہوں احمد پور سرقیہ کے مین
بقیہ نمبر10 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ۔ایم پی اے میاں گزین عباسی، امتیاز حسین جیولرز، سے گفتگو کر رہے ہیں۔

گزشتہ سال کے دوران ریسکیو 1122 بہاول پور کی کارکردگی

گزشتہ سال میں 2لاکھ 41ہزار 252 فون کالز موصول کیں

بہاول پور(پ ر) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر باقر حسین نے گزشتہ سال کے دوران ریسکیو 1122 بہاول پور کی کارکردگی بتاتے ہوئے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ بہاولپور کنٹرول روم نے گزشتہ سال میں 2لاکھ 41 ہزار 252فون کالز موصول کیں۔جن میں 75ہزار 62 کالز ایمرجنسی سے متعلق تھیں۔جن پر جائے وقوعہ پر پہنچنے کا اوسطاً
بقیہ نمبر9 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

آئندہ عام انتخابات میں کامیاب ہو کر گزشتہ تقریباً بیس سالوں کی پسماندگی کا خاتمہ کرینگے، حسن عسکری شیخ

عوام بار بار آزمائے ہوئے لوگوں کو اب نہ آزمائیں مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنما کی مہر محمد صدیق، جام محمد اسلم نہایا اور دیگر عمائدین علاقہ سے گفتگو

چنی گوٹھ (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنما حسن عسکری شیخ نے کہا ہے کہ میری سیاست کا محور عوام کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی ہے عوام کے تعاون سے کامیاب ہو کر حلقہ کی پسماندگی کا خاتمہ کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق چیئرمین یونین کونسلز مہر محمد صدیق، جام محمد اسلم نہایا، سماجی کارکنوں جام شاہ محمد نہایا رانا ساجد غفار اور دیگر عمائدین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے
بقیہ نمبر11 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

دھند کے دوران شہری غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، انچارج پی ایچ پی خیر پور ڈاھا قاضی احمد حسن

ڈرائیور حضرات فوگ لائٹس کا استعمال لازمی کریں اور سامنے والی گاڑی سے مناسب فاصلے پر رہیں، روڈ یوزر سے گفتگو

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) دھند کے دوران شہری غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں۔رئیس اصغر۔تفصیلات کے مطابق ایس پی پی ایچ پی ریجنل بہاول پور ساجد حسین اور ڈی ایس پی چوہدری بختیار احمد کی ہدایات پر انچارج پی ایچ پی خیر پور ڈاھا قاضی احمد حسن کی زیرنگرانی شفٹ انچارج رئیس اصغر نے روڈ یوزرز میں پمفلٹس تقسیم کیے اور سلوموونگ گاڑیاں ٹریکٹر ٹرالی، گدھا گاڑی
بقیہ نمبر12 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

اوپن ڈیفنس

بہاول پور(پ ر) شعبہ انسٹی ٹیوٹ آف
بقیہ نمبر14 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

مریم نواز مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مقرر

نوٹیفکیشن کے مطابق پارٹی کی تنظیم نو کی ذمہ داری مریم نواز شریف کو سونپ دی گئی

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور وزیراعظم شہباز شریف نے پارٹی کے بڑے تنظیمی فیصلے کا اعلان کر دیا۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے
بقیہ نمبر28 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

عمران خان کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کی کارروائی جاری رکھنے کی اجازت

الیکشن کمیشن نے ہائی کورٹس کی جانب سے دیے گئے حکم امتناع سپریم کورٹ میں چیلنج کیے تھے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے عمران خان کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کی کارروائی جاری رکھنے کی اجازت دے دی۔عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ الیکشن کمیشن عمران خان، فواد چودھری اور اسد عمر کے خلاف توہین الیکشن کمیشن کی کارروائی جاری رکھے۔الیکشن کمیشن تحریک انصاف کے اعتراضات پر بھی قانون کے مطابق فیصلہ کرے۔سپریم کورٹ کے
بقیہ نمبر13 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں سپرنگ ایڈمیشن 2023 کی داخلہ مہم جاری

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور طلباء وطالبات کو بہترین سفری سہولت فراہم کر رہی ہے

بہاول پور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں سپرنگ ایڈمیشن 2023 کی داخلہ مہم جاری ہے۔امسال بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان، لیاقت پور اور احمد پور کے کیمپسز میں بی ایس کے 200مارننگ اور ایوننگ پروگراموں جبکہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کے 148 پروگراموں میں داخلے فراہم کیے جا رہے ہیں۔وائس چانسلر انجینئر
بقیہ نمبر15 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

بہاولپور کے لوگ حسب سابق صوبہ بحالی کے بغیر سال نو میں داخل ہو رہے ہیں

بہاولپور پر غیر جمہوری غیر سیاسی غیر اخلاقی اور غیر آئینی پڑا ڈالنے والوں پر 2023 زوال کا سال ثابت ہوگا

قاری مونس بلوچ ڈاکٹر عامر اسلام خان راجا وید عثمانی ارشاد احمد شاد مسز شمیم عباسی زنیرا بلوچ اور دیگر کا اظہار خیال

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) بہاولپور کے لوگ حسب سابق صوبہ بحالی کے بغیر سال نو میں داخل ہو رہے ہیں۔ان شا اللہ بہاولپور پر غیر جمہوری غیر سیاسی غیر اخلاقی اور غیر آئینی پڑا ڈالنے والوں پر 2023 عبرت کے ساتھ زوال کا سال ثابت ہوگا۔ان خیالات کا اظہار بہاولپور صوبہ تحریک کے رہنما قاری مونس بلوچ ڈاکٹر عامر اسلام خان راجا وید عثمانی ارشاد احمد شاد مسز شمیم
بقیہ نمبر27 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

ڈالر باہر بھیج کر محل بنانے والے منی لانڈرنگ کا درس دے رہے ہیں: عمران خان

منی لانڈرنگ کرنے والے بلے درس دے رہے ہیں، ان کو دودھ کی رکھوالی پر بٹھا دیا گیا ہے سیمینار سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب

لاہور(مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ گزشتہ 7 سے 8 ماہ میں جو کچھ ہوا اس کی مثال
بقیہ نمبر16 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

بلوچستان کا وفاق سے سرکاری قیمت پر 6 لاکھ ٹن گندم کی فراہمی کا مطالبہ

گندم کی کمی کے بحران پر قابو پانے کی کوششیں کی جارہی ہیں تاکہ عوام کو سستے داموں میں آٹا دستیاب ہو سکے

کوئٹہ(یواین پی) بلوچستان حکومت نے
بقیہ نمبر17 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

وفاقی حکومت کی توانائی بچت پالیسی پر عملدرآمد کا کوئی فیصلہ نہیں کیا

دکانیں اور مارکیٹیں بند کرنے کا ہم سے کوئی مشورہ نہیں کیا گیا، ترجمان خیبر پختونخوا حکومت

پشاور(یواین پی) ترجمان خیبر پختونخوا حکومت بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی توانائی بچت پالیسی پر عملدرآمد کا کوئی فیصلہ نہیں کیا، دکانیں اور مارکیٹیں بند کرنے کا ہم سے کوئی مشورہ نہیں کیا گیا، خیبر پختونخواہ نے اس پالیسی پر عملدرآمد کا تاحال کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ہم نیوز کے مطابق ترجمان خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے وفاقی
بقیہ نمبر18 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

وفاقی کابینہ نے ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد تک کمی کی منظوری دیدی

عوامی فلاح و بہبود کیلئے معیاری ادویات کی بلاتعطل فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، عبدالقادر پٹیل

بلڈ پریشر، کینسر اور آنکھوں کی بیماریوں میں استعمال ہونے والی ادویات کی قیمتوں میں کمی کی سفارش ہے، وزیر صحت

اسلام آباد(یواین پی) وفاقی کابینہ نے ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد تک کمی کی منظوری دے دی جبکہ وفاقی وزیر برائے قومی صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف بارے موثر اقدامات یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے، عوامی فلاح و بہبود کیلئے معیاری ادویات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عبدالقادر پٹیل نے کہا
بقیہ نمبر26 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

ڈالر کے ریٹ کم کرنے کیلئے مارکیٹ میں سپلائی بڑھائی جائیگی: ملک بوستان

وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملک بوستان کی وفد کے ہمراہ ملاقات

اسلام آباد(یواین پی) چیئرمین ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان ملک بوستان نے کہا ہے کہ ڈالر کے ریٹ کم کرنے کیلئے مارکیٹ میں سپلائی بڑھائی جائیگی اور بلیک مارکیٹ کا خاتمہ کیا جائے گا۔ملک بوستان نے وفد کے ہمراہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی جس میں ہنڈی حوالہ کرانے والوں کے خلاف مقدمہ درج
بقیہ نمبر19 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں سپرنگ ایڈمیشن 2023ء میں داخلے جاری ہیں جبکہ دوسری جانب ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی کی ٹیم طلباء وطالبات کو داخلوں میں رہنمائی کر رہی ہے۔

پنجاب میں شدید دھند، اہم شاہراہیں بند

لاہور ایئرپورٹ پر متعدد پروازیں تاخیر کا شکار، کوالالمپور، دبئی اور کراچی سے لاہور آنیوالی 4 پروازوں کا رخ اسلام آباد کی طرف موڑ دیا گیا

لاہور سے دبئی، مسقط، دمام، سلالہ، جدہ جانے والی اور لاہور سے کراچی جانے والی، 5 5 پروازیں تاخیر کا شکار ہوئیں

لاہور(یواین پی) پنجاب کے مختلف علاقوں میں شدید دھند اور حد نگاہ انتہائی کم ہو جانے کے باعث اہم شاہراہوں سمیت موٹرویز کو بند کر دیا گیا جبکہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر متعدد پروازیں تاخیر کا شکار ہو گئیں۔ترجمان موٹرویز
بقیہ نمبر25 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

سرکاری آٹا غریبوں کی پہنچ سے دور دن بھر قطاریں میں لگنے کے باوجود آٹا نہ مل سکا

اوچ شریف میں خواتین اپنے بچوں کے ہمراہ سراپا احتجاج حکومت عوام کی مشکلات کم نہ کر سکی

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) سرکاری آٹا غریبوں کی پہنچ سے دور دن بھر قطاریں میں لگنے کے باوجود آٹا نہ مل سکا خواتین اپنے بچوں کے ہمراہ سراپا احتجاج۔ سال 2022 کا سورج تو غروب ہوگیا مگر عوام کو ریلیف دینے کے دعوے کرنے والی حکومت عوام کی مشکلات کم نہ کر سکی، اوچ شریف ریسٹ ہاس میں لگنے والے سرکاری سستے آٹے کے منتظر ہزاروں افراد میں
بقیہ نمبر20 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سول ایوی ایشن نے ایئرپورٹس کو آؤٹ سورس کرنے کے فریم ورک کو حتمی شکل دیدی

اسلام آباد، کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کی نجکاری، دوست ممالک کو ترجیح دی جائیگی، حکومت

کراچی(یواین پی) سول ایوی ایشن نے اسلام آباد، کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کو آؤٹ سورس کرنے کے فریم ورک کو حتمی شکل دے دی۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد، کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کے آؤٹ سورسنگ پلان تیار
بقیہ نمبر22 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

دو موٹر سائیکلوں کے تصادم کے نتیجہ میں پچیس سالہ نوجوان عمر ممتاز جاں بحق

کچہری روڈ پر ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی اور زخمی عمر ممتاز کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال لے گئے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) دو موٹر سائیکلوں کے تصادم کے نتیجہ میں پچیس سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔تفصیل کے مطابق شہر میں کچہری روڈ پر دو موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجہ میں ڈیرہ نواب صاحب کا رہائشی پچیس سالہ نوجوان عمر ممتاز، شدید زخمی ہوگیا۔ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی اور زخمی عمر ممتاز کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال لے گئے تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔

ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ نے قائداعظم سولر پارک کا وزٹ

آر پی او منیر احمد ضیاء راؤ کی قائداعظم سولر پارک آمد پر ایس پی یو کے چاک وچوبند دستے نے انہیں سلامی دی

کرنل فرید خان 7 ونگ رینجرز نے سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی

بہاولپور(پ ر) ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ نے قائداعظم سولر پارک کا وزٹ کرتے ہوئے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔تفصیل کیمطابق آر پی او منیر احمد ضیاء راؤ کی قائداعظم سولر پارک آمد پر ایس پی یو کے چاک و
بقیہ نمبر21 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

بہاول پور: ریجنل پولیس آفیسر منیر احمد ضیاء راؤ بذریعہ بریفنگ قائداعظم سولر پارک کے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں، دوسری جانب ترقی پانے والے انسپکٹر محمد عامر کو ترقی کے بیج لگا رہے ہیں۔

وزیراعظم کا ملائیشین ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ

اسماعیل صابر کو وزارت عظمیٰ سنبھالنے پر مبارکباد

اسلام آباد(یواین پی) وزیراعظم میاں شہباز شریف کی ملائیشین ہم منصب اسماعیل صابری یعقوب کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارک باد دی، نئے وزیراعظم اور عوام کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔وزیراعظم میاں شہباز
بقیہ نمبر23 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

جماعت اہلسنت پاکستان ملک کی سلامتی کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی، علامہ پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ

جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ پنجاب کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں جماعت اہلسنت پنجاب کے امیر کا خطاب

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ پنجاب کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں جماعت اہلسنت پنجاب کے امیر علامہ پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اہلسنت پاکستان ملک کی سلامتی کیلئے جد و جہد جاری رکھے گی اور ملک کی سلامتی و بقا کے لیے ہم اپنا کردار ادا کریں گے اور وقت نے پر ملک کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت
بقیہ نمبر24 صفحہ 4 پرملاحظہ کریں

حاصل پور: جماعت اہلسنت پنجاب کے اجلاس سے سید خلیل الرحمٰن شاہ، علامہ فاروق سعیدی، مفتی جاوید مصطفیٰ سعیدی و دیگر اکابرین خطاب کر رہے ہیں۔

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

کشمیر پاکستان کی شہ رگ

تحریر.....محمد آصف حنیف

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا تھا کہ " کشمیر ہماری شہ رگ ہے۔ پاکستان کے لئے کشمیر کی اہمیت مسلمہ ہے"۔ پاکستان قیام سے لے کر آج تک اس معاملے کو دنیا کے ہر فورم پر اجاگر کر چکا ہے اور اسی مسئلہ کی وجہ سے ہندوستان کی شر پسندی سے تین دفعہ جنگ کی صورت میں نبض آزما ہو چکا ہے۔ برصغیر کی تقسیم کے وقت طے پایا تھا کہ ہندو اکثریت والے علاقوں کا الحاق ہندوستان کے ساتھ اور مسلم اکثریت کے علاقوں کا الحاق پاکستان کے ساتھ ہو گا اور معاملہ اس وقت کی بڑی سیاسی طاقتوں کانگریس اور مسلم لیگ کے ساتھ طویل مذاکرات میں طے گیا تھا۔ وادی کشمیر میں مسلمان اکثریت میں تھے اور وہ پاکستان کے ساتھ الحاق چاہتے تھے مگر اسی وقت سے اس خطے میں سازش اور بدامنی کے بیج بو دیئے گئے اور قیام پاکستان کے دو ماہ بعد ہی جموں کشمیر پر جابرانہ قبضہ کرے کی کوشش کی۔ بھارت نے چور دروازے اور سازش سے کشمیر کو ساتھ ملانا چاہا، پاکستان اور کشمیریوں نے بے حد مذاحمت کی لیکن بھارت کشمیر کے ایک بڑے علاقے پر قبضہ جمانے میں کامیاب ہو گیا۔ اس دوران پاکستان فوج، قبائلی بھائیوں اور کشمیری نوجوانوں کے جذبے سے اور مزاحمت سے چند ہی ہفتوں میں 4144 مربع میل کا علاقہ ہندوستان سے آزاد کروا لیا گیا اسی سخت مزاحمت کو دیکھتے ہوئے جواہر لعل ہندو سلامتی کونسل جا پہنچا اور جنگ بندی کی کوششیں شروع کر دی اور سیز فائر ہو گیا، اسی دوران 12 اگست 1948 اور 1949 کو سلامتی کونسل میں دو قراردادیں منظور ہوئیں جن کے مطابق کشمیر میں جنگ بندی کے اور اقوام متحدہ کے ذریعے ریفرنڈم کا مطالبہ کیا گیا تا کہ مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔ پاکستان اور بھارت کی کشیدگی اسی طرح برقرار ہے۔ کشمیری عوام اسی وقت سے غاصب ہندوستان کے خلاف بھرپور طور پر آزادی کو دیکھتے ہوئے ہندوستان نے اپنی تقریبا سات لاکھ فوج کشمیریوں پر مسلط کی ہوئی ہے اور ہزاروں کشمیری بھارتی فوج کی درندگی کا نشانہ بنتے ہوئے شہید کر دیئے گئے ہیں۔ لاکھوں لوگوں کو جیلوں اور عقوبت خانوں میں ڈال کر ان پر وحشیانہ تشدد کیا جاتا ہے اور نوجوانوں کو چن چن کر ان کا قتل عام کیا گیا ہے۔ وادی کشمیر جنت نظیر کو مسلمانوں کا قبرستان بنانے کی پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔ آج تک ہزاروں مسلمان ماں، بہنوں، بیٹیوں کو بے آبرو کیا گیا ہے۔ آگ اور خون کے اس کھیل کو تقسیم ہند سے اب تک ہمیشہ اور ہر ہندوستانی حکومت کے اقتدار میں جاری رکھا گیا ہے۔ لیکن عالمی طاقتیں انسانی حقوق کے ان سنگین واقعات کے باوجود خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت دنیا کی تمام بڑی طاقتوں کے لیے یہ شرم کا مقام ہے کہ وہ ایک غاصب ملک سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کروانے سے قاصر ہیں بلکہ ہندوستان کے ساتھ ساتھ یہ تمام بڑی طاقتیں جو دنیا میں امن وسلامتی کی علمبردار بنتی ہیں وہ کشمیریوں کو ان کے حق رائے کا موقع میسر دینے میں مکمل ناکام ہیں بلکہ کشمیریوں پر ہونے ہر ہندوستانی ظلم میں وہ بھی برابر کے ذمہ دار ہیں۔ مسئلہ کشمیر تقریبا دو کروڑ مسلمان کشمیریوں کے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے اور اس مسئلے کی وجہ سے پورا خطہ عدم استحکام کا شکار ہے۔ اس پورے خطے میں اس وقت تک پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا جب تک یہ مسئلہ کشمیریوں کی امنگوں اور ان کے قابل قبول دل کی صورت میں پایہ تکمیل کو نہیں پہنچتا، اقوام متحدہ کو اس سلسلے میں ہوش کے ناخن لیتے ہوئے ہندوستان سے کشمیریوں پر مظالم بند کروانے چاہیں اور مسئلہ کو سلامتی کونسل کی قراردادوں کی روشنی میں حل کروانے کے لئے عالمی طاقتوں سے ہندوستان پر دباؤ ڈالنا چاہیے۔ ہندوستان کی موجودہ حکومت اور بھارتی جنتہ پارٹی ہمیشہ سے کشمیر کش پالیسی پر گامزن رہے ہیں۔ اسی منصوبہ بندی کی وجہ سے موجودہ ہندوستانی حکومت نے قدم جماتے ہی آرٹیکل 370 اور 35A کا خاتمہ کر کے کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کر دیا جس کی وجہ سے کشمیریوں کو حاصل بیت سے روایتی قوانین جو وہاں حاصل سے ختم کر دیئے گئے ہیں اصل میں یہ اس کڑی کا حصہ ہیں جس کے تحت ہندوستان کشمیریوں کی علیحدہ حیثیت اور شناخت ختم کر کے وہاں پر ہندوستان کے تمام قوانین لاگو کرنا چاہتا ہے۔ پاکستان نے ہندوستان کی پیش رفت اور سازش کا ہر فورم پر پردہ چاک کیا ہے اور بھارت کے اس اقدام سے مسئلہ کشمیر ختم ہونے کی بجائے دوبارہ ساری دنیا کے ہر فورم پر زیر بحث ہے اور بھارت اقدام نے کشمیر کے آزادی کے پروانوں میں ایک نئی روح پھونک دی ہے۔ پاکستان کشمیریوں کے لیے ہر فورم پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ پاکستان کشمیری بھائیوں کے دکھ درد اور ان کے حقوق کی بحالی کی تحریک میں بھرپور طور پر شامل ہیں۔ دنیا کو ہوش کے ناخن لینے کی ضرورت ہے اور دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان اس معاملے کو پر امن طریقے سے کشمیریوں کی رائے کے مطابق حل کرانے میں اپنا کردار ادا کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے کیونکہ دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان سے معاملہ کسی بھی وقت دنیا کے امن کو متاثر کر سکتا ہے۔ ویسے تو ہندوستان ہمیشہ سے متبوضہ کشمیر کے لوگوں کے ساتھ غاصبانہ رویہ رکھے ہوئے ہے لیکن بالخصوص 370 اور 35A کے آرٹیکل کے خاتمے کے بعد مودی سرکار کے جاری ہتھکنڈوں میں تیزی آ چکی ہے اور باقاعدہ ایک مذموم سازش کے تحت بے گناہ کشمیری عوام کی نسل کشی کی جا رہی ہے۔ کشمیریوں سے ان کی جائیدادیں چھین کر تیزی سے ہندو آبادکاری کو فروغ دیا جا رہا ہے تا کہ کشمیریوں کی اکثریت کو اقلیت میں بدلا جا سکے۔ اس تمام صورتحال پر عالمی طاقتوں کے علاوہ دنیا بھر کی ہیومن رائٹس کی بڑی بڑی تنظیموں نے بھی آنکھوں پر پٹی باندھ رکھی ہے۔ ان کو مودی سرکار کے مسلمانوں پر بہیمانہ تشدد کی کارروائیاں نظر نہیں آتیں۔ پاکستانی عوام اور حکومت اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہے اور ان کی قربانیوں کو دنیا کے ہر پلیٹ فارم پر اجاگر کر رہی ہے۔ پاکستان میں کوئی بھی حکومت ہو کشمیری عوام کے ساتھ ہر جگہ غیر متزلزل اور بھرپور طریقے سے سپورٹ کرتی ہے۔

01

دنیا میں مارکیٹس جلدی بند ہوتی ہیں، پاکستان میں مارکیٹس آدھی رات تک کھلی رہتی ہیں، ہم قدرتی روشنی کا فائدہ اٹھانے کی بجائے توانائی کا استعمال کرتے ہیں، آج کابینہ اجلاس سورج کی روشنی میں ہوا، کابینہ اجلاس کے دوران کوئی لائٹ نہیں جلائی گئی تھی، وزیراعظم نے وفاقی حکومت کے تمام اداروں کے بجلی کے اخراجات میں تیس فیصد کمی کی ہدایت کی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ہم گرمی سے بچنے کے لیے موسم گرما میں 18 ہزار میگاواٹ بجلی استعمال کرتے ہیں، ملک میں صرف پنکھے 12 ہزار میگاواٹ بجلی استعمال کرتے ہیں، موٹر سائیکل سالانہ 3 ارب ڈالر کا پٹرول خرچ کرتے ہیں، ہم ملک میں الیکٹرک بائیک متعارف کروا رہے ہیں، ملک بھر میں الیکٹرک بائیکس کے استعمال کو فروغ دیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنا طرز زندگی بدلنے کی ضرورت ہے، سرکاری اداروں میں 30 فیصد کم بجلی استعمال کی جائے گی، توانائی اور پانی کی بچت کے حوالے سے بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے گی، غیر مؤثر آلات پر اضافی ڈیوٹی مقرر کی جائے گی، یکم جولائی سے فیکٹریوں میں بجلی سے چلنے والے غیر مؤثر پنکھے نہیں بنائیں جائیں گے، گیزر میں 1 سال کے اندر کونیکل بیفل نصب کی جائیں گی۔ وزیر دفاع کا مزید کہنا تھا کہ توانائی بچت پلان ملک بھر میں نافذ العمل ہوگا، توانائی بچت پلان کے دور رس اثرات مرتب ہوں گے، وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ دفتروں میں غیر ضروری برقی آلات کا استعمال نہ کیا جائے۔

02

افسران شہید ہو گئے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ سے محکمہ انسداد دہشتگردی) سی ٹی ڈی (کے دو افسران جاں بحق ہوئے ہیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں محکمہ انسداد دہشتگردی کے ڈائریکٹر نوید سیال بھی شامل ہیں۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ سے انسپکٹر ناصر عباس بھی جاں بحق ہوئے، دونوں افسران ایک ہوٹل پر کھانا کھا رہے تھے جب دہشتگردوں نے انہیں نشانہ بنایا۔ ایڈیشنل آئی جی پولیس شہزاد سلطان کا کہنا ہے کہ واقعہ دہشت گردی کی کارروائی ہے، موٹر سائیکل سوار دہشتگرد نے ہوٹل کی پارکنگ میں فائرنگ کی، ایک انسپکٹر نیٹھاگ کر جان بچائی۔ عینی شاہدین کے مطابق ملزم ایک تھا جو حملے کے بعد موٹر سائیکل پر فرار ہو گیا۔

03

کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ ہم یہ معاملہ کابینہ میں لیکر جائیں گے، وفاقی حکومت کو اسے مشترکہ مفادات کونسل میں لانا چاہیے تھا، معیشت پہلے ہی تباہ ہے، پنجاب حکومت وفاقی حکومت کا دکانیں ساڑھے آٹھ بجے بند کرنے کا فیصلہ مسترد کرتی ہے۔ میاں اسلم اقبال نے مزید کہا کہ امپورٹڈ حکومت کے فیصلے پنجاب حکومت کو قبول نہیں، وفاقی حکومت ناکامی کے فیصلے عجلت میں کر رہی ہے، اس حوالے سے تمام سٹیک ہولڈرز سے ملاقات کی جائے گی، چیمبرز اور دکانداروں سے میٹنگ کر کے فیصلہ کریں گے، معیشت پہلے ہی سکڑ گئی ہے اور حکومت اپنی ناکامی کا بدلہ عوام سے لے رہی ہے۔ سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ انڈسٹریز جان بوجھ کر بند کی جا رہی ہے، ہم انڈسٹریز والوں سے بھی مشاورت کریں گے، بجلی صوبوں نے نہیں بنانی وفاق نے بنانی ہے، ہماری حکومت میں گروتھ 6 فیصد پر ہو رہی تھی، ان تمام ارسطوں سے اکانومی نہیں سنبھالی جا رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کاروں کا موجودہ حکومت پر اعتماد نہیں رہا، ہزاروں کی تعداد میں کینٹینرز کھڑے ہیں انہیں ریلیز نہیں کیا جا رہا، وفاقی حکومت کے توانائی بچت مہم کے فیصلے کو نہیں مانتے، تمام مشکل کا ایک ہی حل ہے کہ جلد الیکشن کرائے جائیں۔

04

کے سفیر ٹونگ رونگ نیو زیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں فریقین نے گزشتہ سال کے دوران پاک چین تعلقات کی کامیابیوں کا جائزہ لیا اور 2023 میں رفتار برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ دونوں فریقین نے پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کی اعلی معیار کی ترقی اور عوام سے عوام کے مضبوط رابطوں کے ذریعے دوطرفہ تعلقات کی رفتار کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے سیلاب کے بعد کی تعمیر نو کو مزید تیز کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

05

اسمبلی سے رابطوں کیلئے ریجنل نظیموں کو ذمہ داری دے دی گئی، ارکان اسمبلی کا ہوم ورک مکمل ہوتے ہی اعتماد کا ووٹ لیا جائے گا، اس موقع پر پی ڈی ایم کی جانب سے خواتین ارکان سے رابطوں اور ہارس ٹریڈنگ کی کوششوں پر اظہار تشویش بھی کیا گیا، جن ارکان کو خریدنے کی کوشش کی گئی ان خواتین کو محفوظ مقام پر رکھا جائے گا۔ اجلاس میں عمران خان نے پارٹی قیادت کو اعتماد کے ووٹ کیلئے یکسوئی سے تمام امور کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کی، اس موقع پر سابق وزیراعظم نے کہا کہ ہمارا ایک ہی فیصلہ ہے کہ وزیراعلی اعتماد کا ووٹ لیں گے، کوئی اس حوالے سے کسی ابہام کا شکار نہ ہو، عمران خان نے اجلاس کے شرکا کو واضح کر دیا ہارس ٹریڈنگ کی تمام کوششوں کو ناکام بنایا جائے گا۔

06

اطلاعات مریم اورنگزیب نے عمران خان کے خطاب پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام اور معیشت کو تباہ کرنے والوں نے آج وائٹ پیپر جاری کر دیا ہے، کالے ذہن، کالے کرتوت اور کالا جادو کرنے والے مسٹر اینڈ مسز نے ملک کو معاشی دیوالیہ ہونے کی نہج پر پہنچایا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ انہیں وائٹ پیپر جاری کرتے ہوئے شرم تک نہیں آئی، 2013 سے 2018 تک پاکستان معاشی طور پر ترقی کر رہا تھا، ان لوگوں نے ترقی کرتے ہوئے پاکستان کو اجاڑ کر رکھ دیا، ملک میں مہنگائی کی شرح تاریخ میں کم ترین سطح پر تھی، انہوں نے ملکی معیشت کو تباہ کیا، وائٹ پیپر میں انہیں عوام سے معافی مانگنی چاہئے تھی۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ 2013 سے 2018 تک کا وائٹ پیپر پاکستان کے عوام کو دینا چاہئے تھا کہ پی ٹی آئی کو کس طرح کا ملک ملا تھا، کوئی وائٹ پیپر ان کی دی ہوئی معاشی تباہی کو سفید نہیں کر سکتا، کوئی وائٹ پیپر ان کی کرپشن، چوری اور معاشی تباہی کو سفید نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت 2018 میں 6.1 فیصد پر ترقی کرتا ہوا ملک چھوڑ کر گئی تھی، ملک میں سی پیک کے منصوبے کامیابی سے چل رہے تھے، 14 ہزار میگاواٹ بجلی انہیں بنا کر دے کر گئے تھے، مہنگائی کی شرح 3.8 فیصد تھی، دہشت گردی کی کمر توڑ کر پاکستان کو پرامن، خوشحال اور ترقی کرتا ہوا ملک چھوڑ کر گئے تھے، تمام عالمی جریدے پاکستان کی معیشت کو بہتر قرار دے رہے تھے۔ میڈیا سے گفتگو میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ وائٹ پیپر میں درج کرنا پڑے گا کہ 4 برسوں میں آپ نے کشمیر کا سودا کیا، ہنستے بستے ملک کو آپ نے اجاڑا، معاشی تباہی 6 ماہ میں نہیں گزشتہ 4 برسوں میں آئی، کوئی وائٹ پیپر آپ کی معاشی تباہی کو سفید نہیں کر سکتا۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے کہا کہ وائٹ پیپر جاری کر کے آپ عوام کو بیوقوف نہیں بنا سکتے، پنجاب، خیبر پختونخوا میں آٹا آج بلیک میں مل رہا ہے، دہشت گردی خیبر پختونخوا میں سر اٹھا رہی ہے، آڈیو لیکس آپ کے خلاف ثبوت ہے، ان پر بھی وائٹ پیپر جاری کریں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ اپنے اقتدار کے 4 سال پر وائٹ پیپر جاری کریں، توشہ خانہ کی چوریوں کو وائٹ پیپر میں لکھیں، یہ وائٹ پیپر نہیں یہ آپ کا کالا اعمال نامہ ہے، ہماری حکومت کی سمت درست ہے، تماشے بند کریں۔

07

میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں گندم کا ڈیلی کوٹہ 23 ہزار میٹرک ٹن تک بڑھا دیا گیا ہے تا کہ سستا آٹے کی سپلائی میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ پولٹری کی صنعت سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی نے کہا کہ سویا بین کی قلت کا سدباب کرنے کے لئے بہترین بیج منگوا کر ٹرائل شروع کر دیئے گئے ہیں اور ایک سال میں پاکستان میں سویا بین کی تمام ضروریات پنجاب سے پوری ہو سکیں گی۔ وزیراعلی نے کہا کہ غریب آدمی کو گندم کی سستے داموں فراہمی کے لئے پنجاب احساس پروگرام کے ذریعے ٹارگٹڈ سبسڈی دی جا رہی ہے۔ پنجاب حکومت احساس پروگرام کے ذریعے مستحق لوگوں کو پہلے ہی آٹے کی سستے داموں فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ آٹے پر ٹارگٹڈ سبسڈی حاصل کرنے کے لئے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے احساس پروگرام میں شمولیت کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سستا بازار ان لیگ کی لوٹ مار کا بہانہ تھا، عوام کو ٹارگٹڈ سبسڈی کے ذریعے حقیقی ریلیف نہیں دیا۔ وزیراعلی نے ہدایت کی کہ صوبائی وضلعی انتظامیہ عوام کو مقررہ قیمت پر آٹے کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھائے اور گندم و آٹے کی بین الصوبائی نقل وحمل روکنے کے لئے کڑی مانیٹرنگ کی جائے اور بین الصوبائی نقل وحمل روکنے کے لئے پولیس اور انتظامیہ بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائیں۔ اجلاس میں فلور ملز ایسوسی ایشن کے عہدیداران محمد شفیق، خلیق احمد، ساجد عبداللہ، واجد عبداللہ، محمد فیاض اور ظہیر نے شرکت کی۔ سابق پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلی جی ایم سکندر، سیکرٹری زراعت، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری فوڈ، سیکرٹری عملدرآمد وزیر اعلی، ڈائریکٹر فوڈ، سابق صدر بینک آف پنجاب ہمیش خان اور اعلی حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

08

سالانہ اجلاس 5 جنوری بروز جمعرات دن دو بجے مرکزی آفس بہاول پور میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں پی آر ایس پی کی کارکردگی رپورٹ پیش کی جائے گی اور آئندہ دو سال دورانیہ 24-2023ء کے لیے الیکشن کے انعقاد کی تاریخ کا فیصلہ کیا جائے گا۔

09

وقت 8 منٹ رہا۔ ایمرجنسیز کی نوعیت بارے انہوں نے بتایا کہ سال 2022 میں 12 ہزار 438 روڈ ٹریفک ایکسیڈنٹ 591 آگ لگنے کے واقعات، 1 دیوار منہدم ہونے کے واقعہ، 3 سلنڈر بلاسٹ کے واقعات، 1211 لڑائی جھگڑے کے واقعات، 53426 میڈیکل اور 7359 دیگر ریسکیو ایمرجنسیز آپریشن کے واقعات رپورٹ ہوئے۔ پنجاب ایمرجنسی سروس کے نوجوانوں نے طویل آپریشن کرتے ہوئے پانی میں ڈوبنے کے 33 واقعات پر بر وقت رسپانس کیا۔ ریسکیو 1122 بہاولپور ڈویژن نے گذشتہ سال 73 ہزار 835 افراد کو ریسکیو کیا جن میں 32133 افراد کو موقع پر ابتدائی طبی امداد کے بعد دی گئی اور 40198 افراد جو شدید نوعیت کے زخمی تھے، ان کو طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ہسپتال منتقل کیا گیا اور ان واقعات میں 1504 افراد موقع پر جاں بحق ہوئے۔ علاوہ ازیں انھوں نے بتایا کہ گذشتہ برس کسی بھی ممکنہ صورت حال سے نمٹنے کے لیے بیسک لائف سپورٹ اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے تربیتی پروگرام کے تحت 8231 افراد کو تربیت فراہم کی جن میں تمام مکتب فکر کے لوگوں کے لیے فلاحی اداروں، سول سوسائٹی، تعلیمی اداروں اور سرکاری و نیم سرکاری دفاتر شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ محرم الحرام، عیدین اور کرسمس کے تہواروں سمیت 14 اگست اور 8 اکتوبر ڈیزاسٹر ڈے مناتے ہوئے بہاولپور شہر کے تعلیمی اداروں میں 8 اکتوبر 2005 کو ہونے والے سانحہ کے بارے میں لیکچرز کا اہتمام بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریسکیو 1122 بہاول پور ڈویژن حادثات کی روک تھام اور سانحات سے متعلق عوامی آگاہی کے لیے اہم عالمی اور قومی دنوں کے موقع پر واک اور ڈرلز وغیرہ کا اہتمام بھی کیا گیا۔ علاوہ ازیں پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 بہاولپور ریجن نے گذشتہ سال پیشنٹ ٹرانسفر سروس کے ذریعے پنجاب بھر میں 8 ہزار 224 مریضوں کو احمد پور، حاصل پور، خیر پور اور یزمان و دیگر دیہی مراکز سے بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور سول ہسپتال اور پنجاب کے دیگر ہسپتالوں میں منتقل کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر باقر حسین نے ریسکیو 1122 کے تمام نوجوانوں کو 2023 کے لیے بھی اسی جذبے اور فرض شناسی کے ساتھ فرائض انجام دینے کی ہدایت کی۔

10

علاقوں میں ٹوٹ پھوٹ کا شکار پرانی سڑکوں پر ٹف ٹائل اور فردوس سینما کے قریب فلائی اوور اور ڈیرہ نواب صاحب میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا جا رہا ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما وایم پی اے صاحبزادہ گرین عباسی نے گزشتہ دنوں محلہ سرور شاہ میں اپنے فنڈ سے بنائے جانے والی ٹف ٹائل سڑکوں کا معائنہ کرنے کے دوران امتیاز حسین چیولرز سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سید علی رضا کاظمی وقاص خان بتکانی بھی ہمراہ تھے اس موقع پر امتیاز حسین جیولر نے نئے سال کی مبارکباد دیتے ہوئے گرین میاں عباسی سے کہا کہ ہم آئندہ جنرل الیکشن میں آپ کی بھرپور سپورٹ کریں گے پہلی مرتبہ شہر میں آپ کے ترقیاتی کام نمایاں طور پر نظر آ رہے ہیں۔

11

کیا۔ حسن عسکری شیخ نے کہا کہ مسلم لیگ ن عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور میری سیاست کا محور عام عوام کی تعمیر وترقی اور خوشحالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ عام انتخابات میں عوام کے تعاون سے کامیاب ہو کر گزشتہ تقریبا بیس سالوں سے عوام کی پسماندگی کا خاتمہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے میری اپیل ہے کہ بار بار آزمائے ہوئے لوگوں کو اب نہ آزمائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلم لیگ ن عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔

12

اور بیل گاڑی پر ٹفلکٹر بھی چیساں کیے اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دوارن سفر احتیاطی تدابیر اختیار کر کے سوگ کے دوران ہونے والے حادثات سے بچا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ ڈرائیور حضرات فوگ لائٹس کا استعمال لازمی کریں اور سامنے والی گاڑی سے مناسب فاصلے پر رہیں تا کہ ایمرجنسی کی صورت میں صورتحال کو کنٹرول کیا جا سکے اس موقع پر شفٹ کے دیگر ملازمین بھی ہمراہ تھے۔

13

مطابق کسی ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کو کارروائی سے نہیں روکا۔ سندھ اور لاہور کی ہائی کورٹس نے صرف حتمی فیصلہ جاری کرنے سے روکا ہے۔ الیکشن ایکٹ الیکشن کمیشن کو کارروائی کے لیے بااختیار بناتا ہے۔ فیصلے کے مطابق تحریک انصاف نے کارروائی کا اختیار دینے کی دفعہ چیلنج کر رکھی ہے۔ رائج قانون چیلنج ہو تو بھی اس پر عمل درآمد سے روکا نہیں جا سکتا۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے ہائی کورٹس کی جانب سے دیے گئے حکم امتناع سپریم کورٹ میں چیلنج کیے تھے۔

14

کیمسٹری اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے پی ایچ ڈی سکالر بشریٰ بشیر اور محمد یٰسین کے تحقیقی مقالے کا اوپن ڈیفنس 5 جنوری 2023ء صبح 10:30 بجے شعبہ انسٹی ٹیوٹ آف کیمسٹری ،بغداد الجدید کیمپس میں منعقد ہو گا۔ مذکورہ سکالرز نے اپنے تحقیقی مقالات پروفیسر ڈاکٹر ناہید ریاض، شعبہ انسٹی ٹیوٹ آف کیمسٹری ،اسلامیہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کی زیر نگرانی مکمل کیے۔ بشریٰ بشیر کے تحقیقی مقالے کا عنوان "2,5-Disubstituted-1, 3, 4-Oxadizoles: Synthesis, Characterization and Biological Evaluations" ہے جبکہ محمد یٰسین کے تحقیقی مقالے کا عنوان "N-Furfurylated 3,5-Disubstituted Triazoles Analogues: Synthesis, Characterization and Biological Assessment" ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر سارہ مصدق ، ایسوسی ایٹ پروفیسر شعبہ کیمسٹری ، ویمن یونیورسٹی ملتان اور ڈاکٹر شہلا پروین اسسٹنٹ پروفیسر ،شعبہ کیمسٹری ، گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاول پور بطور بیرونی ممتحنین شرکت کریں گے۔ اساتذہ، طلبہ وطالبات اور ایم فل/ پی ایچ ڈی سکالرز کو شرکت کی دعوت عام ہے۔

15

پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کی ہدایت پر گزشتہ برس کی طرح عباسیہ کیمپس میں ڈائریکٹوریٹ آف ایکڈمکس، ڈائریکٹوریٹ آف آئی ٹی اور ڈائریکٹوریٹ آف کمیونیکیشن اینڈ پبلک ریلیشنز کے زیر اہتمام مرکزی ایڈمیشن سیل ورابطہ دفتر آنے والے طلباء وطالبات کو خوش آمدید کہہ رہا ہے۔ اس سال بھی ڈویژن بہاول پور کے دور افتادہ علاقوں کے طلباء وطالبات اور والدین کی سہولت کے لیے رحیم یار خان ، بہاولنگر اور لیاقت پور میں بھی خصوصی داخلہ سہولت مراکز قائم کیے گئے ہیں جہاں پر داخلوں سے متعلق معلومات اور رہنمائی ، کیریئر کونسلنگ اور آن لائن اپلائی کرنے سے متعلق سہولیات فراہم کی گئیں ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور میں گزشتہ سال بہترین آن لائن داخلہ پورٹل اور مرکزی ایڈمیشن سیل کے قیام کے نتیجے میں داخلوں کے لیے 1,45,000 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں اور ان داخلوں کے بعد یونیورسٹی میں طلبہ کی تعداد 65 ہزار سے زائد ہو گئی ہے جو تین برس کے اندر تین گنا سے بھی زائد ہے۔ جس کے نتیجے میں جامعہ اسلامیہ بہاولپور پاکستان میں ایک بڑی جامعہ بن چکی ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کیریئر بلڈنگ پروگرام کے تحت تمام طلباء وطالبات کو ملازمت اور انٹر نیشپ کے لیے تیار کر رہا ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور بورڈ پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات کو مفت ایڈمیشن اور سکالرشپ پروگرام فراہم کر رہی ہے۔ پاکستان میں احساس اسکالر شپ پروگرامز میں سب سے زیادہ سکالرشپ حاصل کرنے والے طلباء وطالبات کا تعلق اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور سے ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت سے سکالرشپ ہیں جو یونیورسٹی وفاقی، صوبائی اور اپنے ذرائع سے فراہم کر رہی ہے۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور طلباء وطالبات کو بہترین سفری سہولت فراہم کر رہی ہے اور اس سلسلے میں قریبی قصبات کے طلباء وطالبات کو بھی سفری سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ طلباء وطالبات کے لیے معیاری ہاسٹلز کی سہولت بھی موجود ہے۔ ایک بہترین میڈیکل سینٹر بھی ہے۔ ہمارے پاس 600 سے زائد پی ایچ ڈی کوالیفائیڈ اساتذہ ہیں 1200 سے زائد فل ٹائم اور 1600 سے زائد اساتذہ پارٹ ٹائم میں موجود ہیں۔ ہمارے اساتذہ انٹرنیشنل کوالیفائیڈ ہیں اور وہ طلبا وطالبات کو دیگر ہم نصابی سرگرمیوں اور کیریئر کونسلنگ میں رہنمائی کرتے ہیں۔ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں تا کہ انفرااسٹرکچر میں اضافہ ہو۔ حال ہی میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے کمپیوٹر سائنس اکیڈمک بلاک کا افتتاح کیا تھا۔ دیگر تین بڑی عمارات کی تعمیر جاری ہے۔ ان کی تعداد میں 25 نئی بسوں کا اضافہ کیا گیا ہے جو آئندہ آنے والا سمسٹر ہے اس کے لئے ہر طرح کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ بی ایس پروگرامز میں آن لائن اپلائی کرنے کی آخری تاریخ 10 جنوری ہے جبکہ ایم فل اور پی ایچ ڈی کے پروگراموں میں آن لائن داخلہ اپلائی کرنے کی آخری تاریخ 13 جنوری 2023 ہے۔

16

نہیں ملتی، ساڑھے 7 لاکھ پاکستانی بیرون ملک جا چکے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے سیمینار سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سنا ہے اجلاس میں کہہ رہے ہیں کہ ڈالر کو باہر جانے سے روکنا ہے، ایون فیلڈ، سرے محل کیلئے ڈالر بھیجنے والے مٹی لانڈر آج درس رہے ہیں، منی لانڈرنگ کرنے والیلے درس دے رہے ہیں، ان کو دودھ کی رکھوالی پر بٹھا دیا گیا ہے۔ سابق وزیراعظم نے مزید کہا کہ ایکسپورٹ بڑھائے بغیر ایشین ٹائیگر اور لاہور کو پیرس کیسے بنا سکتے ہیں؟، ایکسپورٹرز کی مشکلات کو کم کرنا بہت ضروری ہے، ہماری حکومت نے تین ارب ڈالر کی کورونا ویکسین منگوائی، میڈیا میں ہمارے خلاف ناکام ہونے کا پروپیگنڈا کیا گیا۔ انہوں نے کہا مسلم لیگ) ن (تاریخ کا سب سے بڑا خسارہ چھوڑ کر گئی، مسلم لیگ) ن (کے دور میں تیل کی قیمتیں بھی کم تھی اس کے باوجود بڑا خسارہ چھوڑ کر گئے، ان کے دور میں ایکسپورٹ نہیں بڑھی تھی، 30 سال سے اس ملک پر 2 خاندانوں نے قبضہ کیا ہوا تھا، دونوں خاندانوں نے ثابت کیا وہ کتنے کرپٹ ہیں، دونوں نے ایک دوسرے پر مقدمات بھی بنائے، ان دونوں خاندانوں کو پھر مسلط کرنا بڑا المیہ ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ پاکستان میں مایوسی کی لہر ہے، ان کی کرپشن پر بیرون ملک ڈاکیومنٹریاں بنیں، آئی ایم ایف پروگرام میں جا کر بڑی ذلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے، آئی ایم ایف سے قرض لیں گے تو اپنے فیصلے خود نہیں کر سکیں گے، معیشت سیاست سے جڑی ہوئی ہے، جب ہم نے اقتدار سنبھالا تو ملک دیوالیہ کے قریب تھا، نو اپریل کو ہماری حکومت کے خلاف سازش کی گئی۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا یہ دو خاندان صرف اقتدار میں پیسہ بنانے آتے تھے، دو خاندانوں نے ملک کیلئے کوئی لانگ ٹرم پالیسیاں نہیں بنائیں، پوری قوم خوفزدہ ہے ملک کس طر